نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731,
99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار بارے سفارشات جاری کردیں۔

لاہور:19 نومبر2026( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار گندم کی کاشت ربیع ڈرل کے ذریعے کریں۔دھان کے وڈھ میں گندم کی بوائی سپر سیڈر سے کریں۔کپاس کے وڈھ میں روٹاویٹر چلا کر زمین بھربھری کر لیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گندم کے اُگاؤ کیلئے زمین اچھی وتر حالت میں ہو۔ گندم کی اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لئے کھیت کا تیاراور ہموار ہونا بہت ضروری ہے۔وریال کھیتوں میں دو یاتین دفعہ ہل چلائیں اورجہاں کہیں زمین کوہموار کرنا ضروری ہو کر اہ یالیزرلیولرسے زمین کو ہموار کریں۔راؤنی سے پہلے کھیتوں کو چھوٹے حصوں میں تقسیم کریں تاکہ کم پانی سے زیادہ رقبے پر راؤنی ہوسکے۔گندم کی کاشت کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ اقسام کا تصدیق شدہ بیج استعمال کریں۔20نومبر تک شرح بیج40 تا45 کلو گرام فی ایکڑرکھیں جبکہ 21 نومبر سے10 دسمبر تک گندم کی کاشت کیلئے شرح بیج50 کلوگرام فی ایکڑ رکھیں۔ بیج کے اُگاؤ کی شرح85فیصد سے زائد ہونی چاہیے۔

****